خبروں کا اعلامیہ

# البرٹنز کی لائٹس آن رکھنا اور گھروں کو گرم رکھنا

21 اکتوبر، **2024** میڈیا انکوائریز

## یوٹیلیٹیز کے لیے البرٹا کے موسم سرما کے قوانین (Alberta's Winter Rules) موسم سرما کے سرد مہینوں میں ان کی لائٹس کو روشن رکھنے اور گھروں کو گرم رکھنے میں مدد کر کے کمزور البرٹنز کی حفاظت کرتے ہیں۔

جب درجہ حرارت گر جاتا ہے تو، البرٹا کے موسم سرما کے قوانین (Alberta's Winter Rules) برائے یوٹیلٹیز کو موسم سرما کے سرد مہینوں میں البرٹا کے لوگوں کے لیے بجلی اور حرارت کو جاری رکھنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ البرٹا کی حکومت کے لیے قابل اعتماد اور قابل استطاعت توانائی تک رسائی کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔

15اکتوبر سے 15 اپریل تک البرٹا میں بجلی اور قدرتی گیس کی خدمات خوردہ فروشوں کے ذریعے مکمل طور پر منقطع نہیں کی جا سکتیں۔ یہ سال کے دوران کسی بھی وقت پر بھی لاگو ہوتا ہے جب کہ اگلے 24 گھنٹوں کی پیشن گوئی درجہ حرارت صفر ڈگری سے کم ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔

"البرٹا کی شدید سردیوں کے دوران، کسی کو گرم کرنے اور کھانا کھانے کے درمیان انتخاب کرنے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ ہم سب سے زیادہ کمزور لوگوں کے لیے لائٹس کو روشن رکھ رہے ہیں اور تمام البرٹنز کے لیے بجلی کے بلوں کم کرنے کے لیے کارروائی کر رہے ہیں۔ جس کسی کو اپنے یوٹیلیٹی بل میں مشکلات کا سامنا ہے، میں انیں ترغیب دیتا ہوں کہ وہ یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (Utilities Consumer Advocate) سے رابطہ کریں اور جانیں کہ کون سے اختیارات ان کو دستیاب ہیں۔"

*نیتھن نیوڈورف، منسٹر آف ایفرڈیبلٹی اینڈ یوٹیلیٹیز (Nathan Neudorf, Minister of Affordability and Utilities)*

ونٹر یوٹیلیٹیز ری کنیکشن پروگرام (Winter Utilities Reconnection program) کے تحت، منقطع یوٹیلیٹیز والے صارفین سے رابطہ کیا جاتا ہے تاکہ سرد موسم کے آنے سے پہلے انہیں دوبارہ جوڑنے میں مدد کی جا سکے۔ اس کی قیادت البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن (اے یو سی) (Alberta Utilities Commission (AUC) ، یوٹیلیٹی ریٹیلرز اور ڈسٹری بیوٹرز اور دیگر سرکاری ایجنسیز کے ساتھ شراکت میں، یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (یو ایس اے) (Utilities Consumer Advocate (UCA کرتے ہیں۔ جن البرٹنز کو اپنے یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی، اپنے خوردہ فروش سے بات چیت کرنے یا ادائیگی کے قابل انتظام انتظامات کرنے میں دشواری کا سامنا ہے انہیں UCA سے رابطہ کرنا چاہیے۔

"سرمائی یوٹیلیٹیز ری کنکشن پروگرام (Winter Utilities Reconnection Program) ان صارفین کے لیے ایک اہم تحفظ ہے جو یوٹیلیٹی بلوں کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں۔ UCA ثالثی عملہ صارفین کو توانائی کی یوٹلیتیز کو دوبارہ جوڑنے اور موسم سرما کے دوران محفوظ رہنے میں مدد کے لیے دستیاب ہے۔ ان سے 310-4822 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔"

*کرس ہنٹ، یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (Chris Hunt, Utilities Consumer Advocate)*

اس بات کو یقینی بنا تے ہوئے کہ البرٹا کے باشندے اپنی محنت سے کمائے گئے زیادہ سے زیادہ ڈالر اپنے بینک کھاتوں میں رکھیں، البرٹا کی حکومت یوٹیلیٹی بلوں کو کم کرنے اور شرح دہندگان کے تحفظ کے لیے انتھک محنت کر رہی ہے ۔ جب کہ آئندہ میں مزید سہولوتوں کا آنا باقی ہے، البرٹا کی حکومت نے پہلے ہی نئی قانون سازی کے ذریعے مقامی رسائی کی فیسوں کو مستحکم کرکے، بجلی کی قیمتوں میں اضافے کو روکنے کے لیے ضوابط متعارف کرائے اور میونسپلٹیوں اور دیہی البرٹنز کو اپنی توانائی کے اخراجات کو منظم کرنے اور کم کرنے میں مدد کرنے کے لیے پروگراموں میں سرمایہ کاری کرکے، پہلے ہی

کارروائی کی ہے۔ مزید برآں، UCA صارفین کو یوٹیلیٹی مارکیٹ کو بہتر طور پر سمجھنے اور نیویگیٹ کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے، اور ان کی وکالت کی وجہ سے البرٹنز نے گزشتہ دو دہائیوں میں 3.2 بلین ڈالرسے زیادہ کی بچت کی ہے۔

## قابل استطاعت بجلی کے اختیارات دستیاب ہیں

البرٹا کے پاس بجلی کی ایک منفرد مسابقتی مارکیٹ ہے، جو البرٹا کے باشندوں کو ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہترین توانائی فراہم کنندہ، منصوبہ بندی اور ادائیگی کا اختیار منتخب کرنے کا اختیار دیتی ہے۔ صارفین مقررہ (فکسڈ) یا متغیر (ویریئیبل) شرح کے معاہدوں کے انتخاب کے ساتھ، اپنی بجلی 50 سے زیادہ مسابقتی خوردہ فروشوں سے خرید سکتے ہیں۔

البرٹنز کو اپنے اختیارات تلاش کرنے اور ان کی ضروریات کے لیے بہترین مسابقتی شرح تلاش کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ پچھلے سال، دسیوں ہزار گھرانوں ن ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ (Rate of Last Resort) کو چھوڑ کر زیادہ قابل استطاعت آپشن کے لیے مسابقتی معاہدوں کی طرف منتقل ہو گئے۔ جو البرٹنز اپنے یوٹیلیٹی بلوں میں مدد کی تلاش میں ہیں یا اپنے فراہم کنندہ کے ساتھ تنازعہ کا سامنا کر رہے ہیں انہیں یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (Utilities Consumer Advocate) سے 310-4822 پر ای میل کے ذریعےیا اپنی ویب سائٹ کے ذریعے رابطہ کرنا چاہیے۔

## متعلقہ معلومات

- یوٹیلٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ (Utilities Consumer Advocate)
- مالی امداد کے وسائل(یو سی اے)(Financial Assistance Resources (UCA))
- البرٹا یوٹیلٹی کمیشن (Alberta Utilities Commission)
- فارم ایندھن اور دیہی یوٹیلیٹی پروگرام (Farm fuel and rural utility programs)

## متعلقہ خبریں

- ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ متعارف کرایا جا رہا ہے (25 ستمبر، 2024)
- البرٹا کی کمیونٹیز کو توانائی کے اخراجات کم کرنے میں مدد کرنا (24 ستمبر، 2024)
- کیلگری کے باشندوں کو ان کے بجلی کے بلوں میں لاکھوں کی بچت میں مدد کرنا (19 ستمبر، 2024)
- مارکیٹ کے نئے قوانین کے تحت بجلی کے نرخ نصف کر دیے گئے (5 ستمبر، 2024)
- پاور واچ ڈاگ البرٹا کی بجلی کی مارکیٹ میں اصلاحات کی حمایت کرتا ہے (5 اگست، 2024)
- بجلی کی قیمتوں میں اضافے کو روکنا (26 جون، 2024)
- یوٹیلیٹی بلز کو مزید قابل استطاعت بنانا 22 اپریل، 2024)
- بجلی کو مزید قابل استطاعت بنانا (18 اپریل، 2024)

## میڈیا سے پوچھ گچھ

**ایشلی ایم اسٹیونسن(Ashley M Stevenson)**

587-357-2141
پریس سکریٹری، منسٹری آف ایفرڈیبلیٹی اینڈ یوٹیلٹیز(Press Secretary, Ministry of Affordability and Utilities)